# PAPER-II
# URDU

**Signature and Name of Invigilator**

1. (Signature) ___________________________

   (Name) ___________________________

2. (Signature) ___________________________

   (Name) ___________________________

OMR Sheet No. : ..........................................

(To be filled by the Candidate)

Roll No. | | | | | | | | |

(In figures as per admission card)

Roll No.________________________________

(In words)

**J 2 8 1 6**

Time : **1 ¼** hours]

[Maximum Marks : **100**

Number of Pages in this Booklet : **12**

Number of Questions in this Booklet : **50**

## Instructions for the Candidates

1. Write your roll number in the space provided on the top of this page.
2. This paper consists of fifty multiple-choice type of questions.
3. At the commencement of examination, the question booklet will be given to you. In the first 5 minutes, you are requested to open the booklet and compulsorily examine it as below :
   (i) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page. Do not accept a booklet without sticker-seal and do not accept an open booklet.
   (ii) **Tally the number of pages and number of questions in the booklet with the information printed on the cover page. Faulty booklets due to pages/questions missing or duplicate or not in serial order or any other discrepancy should be got replaced immediately by a correct booklet from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given.**
   (iii) After this verification is over, the Test Booklet Number should be entered on the OMR Sheet and the OMR Sheet Number should be entered on this Test Booklet.
4. Each item has four alternative responses marked (1), (2), (3) and (4). You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each item.
   **Example :** ① ② ● ④
   where (3) is the correct response.
5. Your responses to the items are to be indicated in the **OMR Sheet given inside the Booklet only.** If you mark your response at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Read instructions given inside carefully.
7. Rough Work is to be done in the end of this booklet.
8. If you write your Name, Roll Number, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except for the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity, or use abusive language or employ any other unfair means, such as change of response by scratching or using white fluid, you will render yourself liable to disqualification.
9. You have to return the Original OMR Sheet to the invigilators at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are, however, allowed to carry original question booklet and duplicate copy of OMR Sheet on conclusion of examination.
10. **Use only Black Ball point pen provided by C.B.S.E.**
11. **Use of any calculator or log table etc., is prohibited.**
12. **There is no negative marks for incorrect answers.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. इस पृष्ठ के ऊपर नियत स्थान पर अपना रोल नम्बर लिखिए ।
2. इस प्रश्न-पत्र में पचास बहुविकल्पीय प्रश्न हैं ।
3. परीक्षा प्रारम्भ होने पर, प्रश्न-पुस्तिका आपको दे दी जायेगी । पहले पाँच मिनट आपको प्रश्न-पुस्तिका खोलने तथा उसकी निम्नलिखित जाँच के लिए दिये जायेंगे, जिसकी जाँच आपको अवश्य करनी है :
   (i) प्रश्न-पुस्तिका खोलने के लिए पुस्तिका पर लगी कागज की सील को फाड़ लें । खुली हुई या बिना स्टीकर-सील की पुस्तिका स्वीकार न करें ।
   (ii) **कवर पृष्ठ पर छपे निर्देशानुसार प्रश्न-पुस्तिका के पृष्ठ तथा प्रश्नों की संख्या को अच्छी तरह चैक कर लें कि ये पूरे हैं । दोषपूर्ण पुस्तिका जिनमें पृष्ठ/प्रश्न कम हों या दुबारा आ गये हों या सीरियल में न हों अर्थात् किसी भी प्रकार की त्रुटिपूर्ण पुस्तिका स्वीकार न करें तथा उसी समय उसे लौटाकर उसके स्थान पर दूसरी सही प्रश्न-पुस्तिका ले लें । इसके लिए आपको पाँच मिनट दिये जायेंगे । उसके बाद न तो आपकी प्रश्न-पुस्तिका वापस ली जायेगी और न ही आपको अतिरिक्त समय दिया जायेगा ।**
   (iii) इस जाँच के बाद प्रश्न-पुस्तिका का नंबर OMR पत्रक पर अंकित करें और OMR पत्रक का नंबर इस प्रश्न-पुस्तिका पर अंकित कर दें ।
4. प्रत्येक प्रश्न के लिए चार उत्तर विकल्प (1), (2), (3) तथा (4) दिये गये हैं । आपको सही उत्तर के वृत्त को पेन से भरकर काला करना है जैसा कि नीचे दिखाया गया है :
   **उदाहरण :** ① ② ● ④
   जबकि (3) सही उत्तर है ।
5. प्रश्नों के उत्तर **केवल प्रश्न पुस्तिका के अन्दर दिये गये OMR पत्रक पर ही** अंकित करने हैं । यदि आप OMR पत्रक पर दिये गये वृत्त के अलावा किसी अन्य स्थान पर उत्तर चिह्नांकित करते हैं, तो उसका मूल्यांकन नहीं होगा ।
6. अन्दर दिये गये निर्देशों को ध्यानपूर्वक पढ़ें ।
7. कच्चा काम (Rough Work) इस पुस्तिका के अन्तिम पृष्ठ पर करें ।
8. यदि आप OMR पत्रक पर नियत स्थान के अलावा अपना नाम, रोल नम्बर, फोन नम्बर या कोई भी ऐसा चिह्न जिससे आपकी पहचान हो सके, अंकित करते हैं अथवा अभद्र भाषा का प्रयोग करते हैं, या कोई अन्य अनुचित साधन का प्रयोग करते हैं, जैसे कि अंकित किये गये उत्तर को मिटाना या सफेद स्याही से बदलना तो परीक्षा के लिये अयोग्य घोषित किये जा सकते हैं ।
9. आपको परीक्षा समाप्त होने पर मूल OMR पत्रक निरीक्षक महोदय को लौटाना आवश्यक है और परीक्षा समाप्ति के बाद उसे अपने साथ परीक्षा भवन से बाहर न लेकर जायें । हालांकि आप परीक्षा समाप्ति पर मूल प्रश्न-पुस्तिका तथा OMR पत्रक की डुप्लीकेट प्रति अपने साथ ले जा सकते हैं ।
10. **केवल C.B.S.E. द्वारा प्रदान किये गये काले बाल प्वाईंट पेन का ही इस्तेमाल करें ।**
11. **किसी भी प्रकार का संगणक (कैलकुलेटर) या लाग टेबल आदि का प्रयोग वर्जित है ।**
12. **गलत उत्तरों के लिए कोई नकारात्मक अंक नहीं हैं ।**

## URDU

## PAPER–II

**Note :** This paper contains **fifty (50)** objective type questions of **two (2)** marks each. **All** questions are compulsory.

اس پرچے میں **پچاس (50)** معروضی سوالات ہیں، جن میں ہر ایک کے لئے دو **(2)** نمبر مختص ہیں۔ **تمام** سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

**1.** ملا وجہی کا اصل نام کیا ہے؟

(1) اسداللہ (2) عبداللہ

(3) رحمت اللہ (4) قطب اللہ

**2.** شہر پٹنہ سے رسالہ 'معیار' کس نے جاری کیا تھا ؟

(1) شاد عظیم آبادی (2) قاضی عبدالودود

(3) کلیم الدین احمد (4) وہاب اشرفی

**3.** 'صبح فردا' کس کی نظم ہے ؟

(1) فیض احمد فیض (2) مخدوم محی الدین

(3) علی سردار جعفری (4) اختر الایمان

**4.** زینت اور جمال منٹو کے کس افسانے کے کردار ہیں ؟

(1) بائی بائی (2) ڈرپوک

(3) برمی لڑکی (4) رتی : ماشہ : تولہ

**5.** درج ذیل میں سے کس شاعر نے خود کو ''گلشنِ معنی کا عندلیب'' کہا ہے ؟

(1) مصحفی (2) آتش

(3) میر درد (4) ناسخ

6. کس مثنوی کو دکنی زبان کا شاہنامہ کہا گیا ہے ؟

(1) خوب ترنگ
(2) یوسف زلیخا
(3) علی نامہ
(4) پھول بن

7. 'در مدحِ عقل' اور 'در مذمت طمع' یہ ذیلی عنوانات کس داستان کے ہیں ؟

(1) بوستانِ خیال
(2) آرائش محفل
(3) سب رس
(4) رانی کیتکی کی کہانی

8. اے خدا کے بندو اور اِس مکان کے رہنے والو ! میں غریب مسافر ہوں، اگر اپنے پاس بلاؤ اور رہنے کو جگہ دو تو بڑی بات ہے۔

یہ عبارت 'باغ و بہار' کے کس درویش کی کہانی سے ماخوذ ہے ؟

(1) سیر پہلے درویش کی
(2) سیر دوسرے درویش کی
(3) سیر تیسرے درویش کی
(4) سیر چوتھے درویش کی

9. شادعظیم آبادی کے شعری مجموعے کا نام کیا ہے ؟

(1) نغمۂ الہام
(2) نو بہاراں
(3) آتش گل
(4) گل کدہ

10. یگانہ چنگیزی کا اصل نام کیا ہے ؟

(1) مرزا حامد حسین
(2) مرزا واجد حسین
(3) مرزا اطہر حسین
(4) مرزا عاشق حسین

11. عشق میں صبر و رضا درکار ہے
مصرع ثانی کی نشاندہی کیجیے۔

(1) نرگسِ باغ حیا درکار ہے
(2) دل ربائی کیوں ادا درکار ہے
(3) دلبرِ رنگیں ادا درکار ہے
(4) فکر اسباب وفا درکار ہے

12. ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے۔ انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے :

**دعویٰ :** گؤدان پریم چند کا شاہکار ناول ہے۔

**دلیل :** کیونکہ یہ پریم چند کا آخری ناول ہے۔

(1) دعویٰ غلط ہے، دلیل صحیح ہے۔
(2) دعویٰ صحیح ہے، دلیل غلط ہے۔
(3) دعویٰ صحیح ہے، دلیل بھی صحیح ہے۔
(4) دعویٰ غلط ہے، دلیل بھی غلط ہے۔

13. مثنوی گلزارِ نسیم میں پری روح افزا کی ماں کا نام کیا ہے ؟

(1) حسن آرا
(2) محمودہ
(3) سمن پری
(4) جمیلہ

14. 'کاغذی پیرہن' کس کا شعری مجموعہ ہے ؟

(1) معین احسن جذبیؔ
(2) خلیل الرحمٰن اعظمی
(3) فیض احمد فیض
(4) مخدوم محی الدین

15. ناول 'ایک چادر میلی سی' میں چودھری مہربان داس کا بھائی کون ہے ؟

(1) تاراسنگھ
(2) گیان چند
(3) جگو
(4) گھنشیام

16. اچھی تنقید محض تخریبی نہیں ہوتی، محض خامیوں یا کوتاہیوں کو نہیں دیکھتی، وہ بلندیوں کو دیکھتی ہے اور یہ اندازہ لگاتی ہے کہ یہ بلندی کیسی ہے؟ یہ خیال کس نقاد کا ہے ؟

(1) احتشام حسین
(2) کلیم الدین احمد
(3) آل احمد سرور
(4) محمد حسن

**17.** افسانہ 'شغل' میں رام دئی کس کی لڑکی ہے ؟

(1) پنڈت
(2) سنتو چمار
(3) کالو
(4) رام پرشاد

**18.** سراپا میں جس جا نظر کیجیے      وہیں عمر اپنی بسر کیجیے

یہ شعر کس مثنوی سے اخذ کیا گیا ہے ؟

(1) خواب و خیال
(2) گلزار نسیم
(3) زہر عشق
(4) سحرالبیان

**19.** 'گلشن عشق' میں کس کی داستانِ عشق بیان ہوئی ہے ؟

(1) لیلیٰ مجنوں
(2) ہیر رانجھا
(3) منوہر اور مدھ مالتی
(4) سسی پنو

**20.** ''گھسیٹا'' کس کے افسانے کا کردار ہے ؟

(1) راجندر سنگھ بیدی
(2) عصمت چغتائی
(3) حیات اللہ انصاری
(4) سعادت حسن منٹو

**21.** ''خواب و خیال'' کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے ؟

(1) ڈراما
(2) افسانہ
(3) ناول
(4) داستان

**22.** درج ذیل میں سے ماہرین لسانیات نے کسے ہندآریائی زبانوں کے عہدِ وسطیٰ اور عہدِ جدید کو ملانے والی کڑی کہا ہے ؟

(1) اپ بھرنشوں
(2) پراکرتوں
(3) جدید زبانوں
(4) سنسکرت

**23.** زندگی کیا ہے عناصر میں ظہورِ ترتیب موت کیا ہے انھیں اجزا کا پریشاں ہونا

یہ کس کا شعر ہے ؟

(1) جوشؔ (2) چکبستؔ

(3) اقبالؔ (4) داغؔ

**24.** ''انھوں نے اپنی نظموں میں ذاتی احساسات، غموں اور کشمکشوں کو آواز عطا کی ہے اس میں اُن کا سماجی شعور بھی ابھر آیا ہے۔''

احتشام حسین نے یہ رائے کس شاعر کے بارے میں دی ہے ؟

(1) جاں نثار اختر

(2) سردار جعفری

(3) اختر الایمان

(4) مجروح سلطان پوری

**25.** ''جا کر کسی کھترانی یا ٹھکرائن کے چرنوں پر سر رکھو تو معلوم ہو کہ چرنوں پر سر رکھنے کا کیا پھل ملتا ہے۔ پھر یہ سر تمھاری گردن پر نہ رہے گا۔''

یہ اقتباس پریم چند کے کس افسانہ سے لیا گیا ہے ؟

(1) گھاس والی (2) زادِ راہ

(3) جلوس (4) عیدگاہ

**26.** گراں گزرے گا حرفِ آرزو اس طبع نازک پر نگاہِ شوق اس مضمون رنگیں کو ادا کر دے

(1) فراقؔ (2) داغؔ

(3) فانیؔ (4) حسرت موہانیؔ

**27.** ذکر میرا ہی وہ کرتا تھا صریحاً لیکن
میں نے پوچھا تو کہا خیر یہ مذکور نہ تھا
یہ کس کا شعر ہے ؟

(1) آتشؔ (2) مصحفیؔ
(3) میر دردؔ (4) فانیؔ

**28.** مدن بان اور جوگی مہندر کس داستان کے کردار ہیں ؟

(1) رانی کیتکی کی کہانی (2) بوستانِ خیال
(3) فسانۂ عجائب (4) آرائش محفل

**29.** نظیر اکبرآبادی کی کس نظم میں نسرین، موتیا، سمن، سورج مکھی، گلاب، نرگس، بیلا، داؤدی، لالہ اور جوہی پھولوں کا ذکر آیا ہے ؟

(1) سواریاں (2) آئینہ
(3) توکل (4) خواب غفلت

**30.** خطوط کا اصل جوہر خلوص و اعتماد ہے۔ اپنا خلوص اور دوسرے پر اعتماد۔ خطوط میں قابلیت کا اظہار نہ کرنا چاہیے۔ شرافت، خوش طبعی اور خیر اندیشی سے کام لینا چاہیے۔
یہ عبارت رشید احمد صدیقی کے کس مضمون سے ماخوذ ہے ؟

(1) ارہر کا کھیت (2) دھوبی
(3) اپنی یاد میں (4) وکیل صاحب

**31.** ’’کہتے ہیں جس کو عشق‘‘ کس کا افسانوی مجموعہ ہے ؟

(1) کرشن چندر (2) اختر حسین رائے پوری
(3) خواجہ احمد عباس (4) ممتاز شیریں

**.32** ''اندرسبھا امانت'' میں راجہ اندر کی سبھا میں جوگن کے آنے کی اطلاع راجہ کو کون دیتا ہے؟

(1) کالا دیو
(2) لال پری
(3) پکھراج پری
(4) لال دیو

**.33** مندرجہ ذیل عبارت کس داستان سے ماخوذ ہے؟

''آخر جب بہت بیاکل ہوئی۔ تب دائی سے کہا اور ڈھیر سارا انعام دیا۔ وہ اس جوان کو کسو نہ کسی ڈھب سے پوشیدہ میری دھراہر میں لے آئی۔ تب یہ بھی مجھے چاہنے لگا۔ بہت دن اس عشق مشک کٹے۔ ایک روز چوکیدار نے آدھی رات کو ہتھیار باندھے اور محل میں آتے دیکھ کر اسے پکڑا اور راجا سے کہا، اسے حکم قتل کہا۔ سب ارکان دولت نے کہہ سُن کر جان بخشی کروائی۔''

(1) رانی کیتکی کی کہانی
(2) بوستانِ خیال
(3) باغ و بہار
(4) فسانۂ عجائب

**.34** ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے۔ انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے :

**دعویٰ :** نظیر اکبرآبادی کی شاعری کی جڑیں عوامی زندگی میں پیوست ہیں۔

**دلیل :** کیوں کہ انھوں نے اپنی شاعری میں ہندوستانی معاشرت اور تہذیب کے عناصر کو موضوع بنایا ہے۔

(1) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے۔
(2) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے۔
(3) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے۔
(4) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے۔

**.35** اے انفس و آفاق میں پیدا ترے آیات - حق یہ ہے کہ ہے زندہ و پائندہ تری ذات

اقبال کی کس نظم کا آغاز اس شعر سے ہوتا ہے؟

(1) مرزا غالب
(2) نانک
(3) حضورِ رسالت مآب میں
(4) لینن خدا کے حضور میں

**.36** گوتم نیلمبر کس ناول کا کردار ہے؟

(1) آگ کا دریا
(2) بستی
(3) آخر شب کے ہمسفر
(4) کارِ جہاں دراز ہے

**37.** ناول ''لندن کی ایک رات'' کب شائع ہوا ؟

(1) 1939 (2) 1940

(3) 1938 (4) 1937

**38.** ہم نہیں اُن میں جو پڑھ لیتے ہیں طوطے کی طرح

مکتبِ عشق و وفا تجربہ آموز بھی تھا

اِس شعر سے ناول ''امراؤ جان ادا'' کا کون سا حصّہ شروع ہوتا ہے ؟

(1) (5) (2) (6)

(3) (3) (4) (4)

**39.** فراق گورکھپوری کی کتاب 'من آنم' کیا ہے ؟

(1) افسانوی مجموعہ ہے (2) شعری مجموعہ ہے

(3) خطوط کا مجموعہ ہے (4) مضامین کا مجموعہ ہے

**40.** ''مجھے مادرِ وطن کی حمایت کے لیے تمھیں قتل کرنا پڑے تو میں اس ناگوار فرض سے بھی منہ نہ موڑ سکوں گا۔ آنکھوں سے آنسو جاری ہوں گے لیکن تلوار تمھاری گردن پر ہوگی۔ ہمارے مذہب میں قوم کے مقابلے کسی چیز کی حقیقت نہیں۔''

یہ اقتباس پریم چند کی کس کہانی سے لیا گیا ہے ؟

(1) جلوس (2) جیل

(3) قاتل (4) نجات

**41.** قرۃ العین حیدر نے ''آگ کا دریا'' کے آغاز میں کس مغربی شاعر کی نظم کا ٹکڑا درج کیا ہے ؟

(1) ملٹن (2) دانتے

(3) گوئٹے (4) ٹی۔ایس۔ ایلیٹ

**42.** شعر فہمی اور کتاب فہمی میں وہ ایک مستثنیٰ آدمی تھے۔ کیسا ہی مشکل مضمون ہو وہ ایک سرسری نظر میں اُس کی تہہ تک پہنچ جاتے تھے۔

یہ عبارت کس کتاب سے ماخوذ ہے ؟

(1) سی پارۂ دل
(2) یادگار غالب
(3) یادوں کی برات
(4) غبارِ خاطر

**43.** منقو خاں کس ناول کا کردار ہے ؟

(1) فردوس بریں
(2) فتح اندلس
(3) مینا بازار
(4) زوال بغداد

**44.** یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ شاعر اور اُس کے کلام کے رتبے کا اندازہ اس کے کلام کی قلّت اور کثرت سے نہیں ہوتا بلکہ اس بات سے ہوتا ہے کہ اس کے منتخب اور برگزیدہ اشعار کس درجے کے ہیں ؟

یہ عبارت کس کتاب سے ماخوذ ہے ؟

(1) مقالاتِ سرسید
(2) مقالات شبلی
(3) غبارِ خاطر
(4) یادگارِ غالب

**45.** ''ہمارے ملک میں عقل و دانش کا کتنا زبردست قحط ہے۔ آپ ہماری مملکت کے چنے ہوئے لوگ ہیں، جن کے ہاتھوں میں ہماری باگ ڈور ہے۔ مستقل آپ کی طرف دیکھ رہا ہے۔ آپ اس مملکت کے معمار ہیں اور آپ جیسے ذہین اور فاضل لوگ زندگی کی سنگین سچّائیوں کو نہیں دیکھ سکتے، اگر آپ روز چار شہریوں کو پھانسی دیں گے تو شہر غصے اور نفرت سے اُبل پڑے گا۔''

مندرجہ بالا اقتباس کس ڈرامے سے لیا گیا ہے ؟

(1) محل سرا
(2) یہودی کی لڑکی
(3) ضحّاک
(4) پیسہ اور پرچھائیں

**46.** ''حوروش، غیرتِ سرو، خجلت زدہ شمشاد، زریں کمر، نازک بدن، سیم بر، چست و چالاک، کمسن، الڑھ پن کے دن، اچھلتی کودتی مردانہ وار پیادہ اور جوہر نگار ہوادار پر ایک آفتاب محشر سوار، گرد پریوں کی قطار، تاج مرصع کج سر پر لباس شاہانہ پر تکلف در بر ............ شکار کھیلتی سیر کرتی چلی آتی ہے۔''

مندرجہ بالا عبارت کس داستان سے ماخوذ ہے؟

(1) طلسمِ ہوش ربا
(2) سب رس
(3) فسانۂ عجائب
(4) بوستانِ خیال

**47.** تذکرہ 'چمنستان شعرا' کے مصنف کا پورا نام کیا ہے؟

(1) بھگوان داس ہندی
(2) برج موہن دتاتریہ
(3) لچھمی نرائن شفیق
(4) لالہ سری رام

**48.** 'زہدورندی' کس کی نظم ہے؟

(1) اقبال
(2) جوش ملیح آبادی
(3) اکبر الہ آبادی
(4) سردار جعفری

**49.** ہر ورق ہر صفحے میں اک شعرِ شور انگیز ہے
عرصۂ محشر ہے عرصہ مرے بھی دیوان کا
یہ شعر میر کے کس دیوان میں شامل ہے؟

(1) دوم
(2) اول
(3) سوم
(4) پنجم

**50.** ''نظر کا وجود ہی اردو شاعری کی بے نظیر تنقید ہے۔''
یہ جملہ کس ناقد کے رشحۂ قلم کا عطیہ ہے؟

(1) احتشام حسین
(2) کلیم الدین احمد
(3) محمد حسن
(4) محمد حسن عسکری

**Space For Rough Work**